© rasailojaraid.com


اس خدمت کو سرانجام دیا ہے اور وہ اس کام میں خاصے کامیاب ثابت ہوئے ہیں معیارِ کتابت وطباعت عمدہ ہے۔

**کتاب: انقلاب** | جناب اسعد گیلانی صاحب۔ ناشر: آزاد بک ڈپو بلاک نمبر ۲ سرگودھا (پاکستان) ضخامت ۱۲۸ صفحات۔ قیمت ایک روپیہ۔

جناب اسعد گیلانی صاحب ملک کے جانے پہچانے ادیب ہیں جن کو خداوند تعالیٰ نے علمی بصیرت کے ساتھ ایک دلِ بیتاب بھی دیا ہے۔ تبصرہ نگار نے جب کبھی اُن کی کسی تحریر کا مطالعہ کیا تو وہ جہاں ایک طرف اُن کے حکیمانہ اسلوبِ نگارش سے متاثر ہوا وہاں اُس نے اُن کے خلوص کی حرارت کو بھی شدت سے محسوس کیا۔

زیرِ تبصرہ کتاب اُن کے چند چھوٹے چھوٹے مضامین کا مجموعہ ہے جس میں انہوں نے نہایت سلجھے ہوئے مگر ہلکے پھلکے انداز میں اسلام کے مختلف پہلوؤں پر بحث کی ہے۔ اور بتایا ہے کہ اسلام ایک قوتِ فکر و عمل ہے جو انسان کے افکار کے اندر سلجھاؤ، اس کے قلب کے اندر طمانیت اور اس کے اعمال میں مردِ مجاہد کا سا خلوص اور جوش پیدا کرتی ہے۔

**حکمائے قدیم کا فلسفۂ اخلاق** | تالیف: جناب بشیر احمد ڈار صاحب ایم اے
ناشر: ادارہ ثقافت اسلامیہ پاکستان ۲ کلب روڈ۔ لاہور۔ قیمت چھ روپے

اس فاضلانہ تصنیف میں چینی فلسفۂ اخلاق، گوتم بدھ کا فلسفۂ اخلاق، بھگوت گیتا کا فلسفۂ اخلاق، زرتشت کا فلسفۂ اخلاق، مانی کا فلسفۂ اخلاق، سقراط کا فلسفۂ اخلاق، افلاطون کا فلسفۂ اخلاق، ارسطو کا فلسفۂ اخلاق، رواقی فلسفۂ اخلاق، اور مصری فلسفۂ اخلاق کے مختلف گوشوں پر بڑی حکیمانہ اور عالمانہ بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے مصنف چونکہ اخلاق کے اندر اسلامی اقدار کی بالادستی کے نہ صرف قائل بلکہ پرجوش مبلغ بھی ہیں اس لئے انہوں نے اخلاق کے ان مختلف نظریات کی وضاحت کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اخلاق کا اسلامی نقطۂ نظر بھی پیش کیا ہے۔ مصنف کا ذہن رسا اور صاف ہے اسلئے وہ اپنی بات بڑے قرینے سے کہ جاتے ہیں۔

© rasailojaraid.com